# A

**CCE RF**
**UNREVISED**
**FULL SYLLABUS**

ಕರ್ನಾಟಕ ಶಾಲಾ ಪರೀಕ್ಷೆ ಮತ್ತು ಮೌಲ್ಯ ನಿರ್ಣಯ ಮಂಡಲಿ,
ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು – 560 003

**KARNATAKA SCHOOL EXAMINATION AND ASSESSMENT BOARD,**
**MALLESHWARAM, BENGALURU – 560 003**

ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ. ಪರೀಕ್ಷೆ, ಮಾರ್ಚ್ / ಏಪ್ರಿಲ್, 2023

**S.S.L.C. EXAMINATION, MARCH / APRIL, 2023**

ಮಾದರಿ ಉತ್ತರಗಳು

## MODEL ANSWERS

ದಿನಾಂಕ : 12. 04. 2023 ] ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : **66-U**
Date : 12. 04. 2023 ] **Code No. : 66-U**

# ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ — ಉರ್ದು

# Subject : Third Language — URDU

**( ಶಾಲಾ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / Regular Fresh )**

**[ ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 80**
**[ Max. Marks : 80**

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | درجِ ذیل ہر سوال کے لئے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ان میں سے سب سے مناسب جواب چُن کر لکھئے : **8 x 1 = 8** | **I.** |
| | ایسی نظم جس میں حضورا کرم ﷺ کی تعریف وتوصیف بیان کی گئی ہو، کہلاتی ہے۔<br>(A) حمد (B) نعت<br>(C) غزل (D) مرثیہ | 1. |
| 1 | جواب : (B) نعت | |

Turn over ] **● RF(A)/100/3348 (MA)**

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .2 | وہ کلمہ جو خود معنی نہیں دیتا بلکہ دوسرے الفاظ کے ساتھ مل کر معنی دیتا ہے، کہلاتا ہے۔ | |
| | (A) حروفِ ربط (B) حروفِ عطف | |
| | (C) مستقل کلمہ (D) غیر مستقل کلمہ | |
| | جواب : (D) غیر مستقل کلمہ | 1 |
| .3 | ''اربیہ نے کھانا کھایا۔'' اس جملے میں علامت فاعل یہ ہے۔ | |
| | (A) اربیہ (B) نے | |
| | (C) کھانا (D) کھایا | |
| | جواب : (B) نے | 1 |
| .4 | وہ جملہ ہے جو دو یا دو سے زیادہ مفرد جملوں سے مل کر بنا ہو، کہلاتا ہے۔ | |
| | (A) جملۂ مرکب (B) جملۂ مفرد | |
| | (C) جملۂ مطلق (D) جملۂ مُلتف | |
| | جواب : (A) جملۂ مرکب | 1 |
| .5 | وہ الفاظ جو دو لفظوں یا دو جملوں کے درمیان آتے ہیں اور دونوں کو باہم ملاتے ہیں۔ کہلاتے ہیں۔ | |
| | (A) وصل (B) تردید | |
| | (C) حروفِ عطف (D) حروفِ ربط | |
| | جواب : (C) حروفِ عطف | 1 |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| 6. | اِن میں مؤنث لفظ یہ ہے۔ | |
| | (A) وطن (B) ترقی | |
| | (C) رواج (D) خزانہ | |
| | جواب : (B) ترقی | 1 |
| 7. | وہ حروف ہیں، جو جوش، خوشی، غم یا کسی دوسرے جذبے کے اِظہار کے موقع پر بے ساختہ نکل جاتے ہیں، کہلاتے ہیں۔ | |
| | (A) استدراک (B) سببی | |
| | (C) حروف تخصیص (D) حروف فجائیہ | |
| | جواب : (D) حروف فجائیہ | 1 |
| 8. | رباعی کا یہ مصرع قافیہ ورد یف کا پابند نہیں ہوتا۔ | |
| | (A) پہلا (B) دوسرا | |
| | (C) تیسرا (D) چوتھا | |
| | جواب : (C) تیسرا | 1 |
| **II.** | پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے : | **4 × 1 = 4** |
| 9. | فرد : افراد : : جسم : ……… | |
| | جواب : اجسام | 1 |
| 10. | خوش نما : بدنما : : خوش مزاج : ……… | |
| | جواب : بدمزاج | 1 |
| 11. | سورت : شہر کا نام : : صورت : ……… | |
| | جواب : چہرہ | 1 |
| 12. | چال چلنا : فریب دینا : : ہاتھ صاف کرنا : ……… | |
| | جواب : مشق کرنا/ دوسروں کا مال ہڑپ لینا | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک ایک جملے میں لکھئے : **4 × 1 = 4** | **III.** |
| | سلیمان خطیب کی ابتدائی تعلیم کہاں ہوئی ؟ | 13. |
| 1 | جواب : میدک۔ | |
| | آخری وقت ٹیپو سلطانؒ کی زبان پر کیا کلمات تھے ؟ | 14. |
| 1 | جواب : خدایا مجھے استقامت عطا فرما ! | |
| | پیغام یکجہتی کس شاعر کی نظم ہے ؟ | 15. |
| 1 | جواب سید احمد شاکرؔ۔ | |
| | اکبر الہ آبادی کو کس بات کی پرواہ نہ رہی ؟ | 16. |
| 1 | جواب : مجھ سے دنیا خوش رہے۔ | |
| | درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : **8 × 2 = 16** | **IV.** |
| | ریاستِ میسور کی تشکیل کب اور کس بنیاد پر ہوئی ؟ | 17. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ 1956ء میں۔ | |
| 1 | ☆ لسانی بنیاد پر ہوئی۔ | |
| | سالِ کبیسہ (Leap year) سے کیا مُراد ہے ؟ | 18. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ ایک سال 365 دن کا ہو گیا۔ پھر بھی سال میں 6 گھنٹے کی زیادتی ہو گئی۔ گویا ہر چوتھا سال 366 دِنوں کا ہو گیا۔ | |
| 1 | ☆ اہل عرب ایسے سال کو ''کبیسہ'' اور شمسی تقویم میں (Leap year) کہتے ہیں۔ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| 19. | ادویات سازی میں ''نانوٹکنالوجی'' کا کیا رول ہے ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ ادویات سازی میں بھی ''نانوٹکنالوجی'' کا اہم رول ہے۔ ادویات کا انسانی جسم پر اثر ہوتا ہے۔ اس کا پتہ لگانا بعض وقت خطرناک بھی ثابت ہوسکتا ہے۔ | 1 |
| | ☆ ''نانوٹکنالوجی'' کی مدد سے ہم نہایت کم مقدار میں متعین شدہ مقام پر ادویات کا اثر دیکھ سکتے ہیں۔ | 1 |
| | ☆ نانواشیا کو جراثیم کش دوا کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ | |
| 20. | ریاستِ میسور میں سرایم وشویشوریا نے کونسے کونسے کارخانے قائم کئے ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ شہر میسور میں صندل کی لکڑی سے تیل نکالنے کا ایک کارخانہ قائم کیا گیا۔ | 1 |
| | ☆ ایک ریشم کا کارخانہ قائم ہوا اور بھدراوتی میں لوہے کا کارخانہ قائم ہوا۔ | 1 |
| 21. | مولانا محمد علی جوہرؔ نے کن کن مقامات پر ملازمت کی ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ رام پور میں ایجوکیشن آفیسر مقرر ہوئے۔ | 1 |
| | ☆ پھر آپ بڑودہ میں جج کے عہدہ پر فائز ہوئے۔ | 1 |
| 22. | گول میز کانفرنس میں مولانا محمد علی جوہرؔ نے کیا تقریر فرمائی ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ میں اپنے ملک کو صرف اس حالت میں واپس جاؤں گا جب کہ آزادی کا پروانہ میرے ہاتھ میں ہو۔ | 1 |
| | ☆ ''مرنے کو ترجیح دوں گا۔ آپ مجھے ہندوستان کی آزادی نہیں دیں گے تو پھر آپ کو یہاں مجھے قبر کے لئے جگہ دینی پڑے گی۔'' | 1 |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | صبح سویرے پروفیسر راہیؔ کی مصروفیات کیا ہوتی تھیں ؟ | 23. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ صبح فجر سے قبل جاگ جاتے اور نماز کے بعد کچھ دیر چہل قدمی کرتے۔ | |
| 1 | ☆ صبح 30-7 بجے ناشتہ اور 8 بجے آکاش وانی سے 5 منٹ کی خبریں سنتے تھے۔ | |
| | حضور اکرم ﷺ جب حرم پاک میں پہنچے تو لوگوں نے کس طرح اپنی محبت کا اظہار کیا ؟ | 24. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ حضور اکرم ﷺ نے حرم پاک پہنچے تو لوگوں نے خوشی کا اِظہار کرتے ہوئے کہا۔ | |
| 1 | ☆ وہ دیکھو محمدؐ آئے ، وہ دیکھو محمدؐ آئے کی صدائیں گونج اُٹھی۔ | |
| 9 x 3 = 27 | درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : | V. |
| | بحوالۂ متن درجِ ذیل جملوں کی وضاحت کیجئے : | |
| | ’’نہ کھائیں تو زندہ کیسے رہیں۔‘‘ | 25. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ جملہ ’’دھوبی نے مگر مچھ کو کھالیا‘‘ سبق سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس کے مصنف کرشن چندر ہیں۔ | |
| | ☆ یہ جملہ ایک بوڑھے کلرک نے رامو سے اُس وقت کہا جب وہ ایک دھوبی کو مگر مچھ | |
| 1 | کے کھانے کی شکایت لے کر مچھلی کے محکمہ میں شکایت درج کرنے گیا ہوا تھا۔ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/ اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .26 | ''کیا اس ملک سے جاپان کو برآمد کرنے کے لئے ہم ہی ایک مناسب چیز رہ گئے ہیں ؟'' | |
| | جواب : | |
| | ☆ یہ جملہ ''جاپان چلو، جاپان چلو'' سے لیا گیا ہے۔ | 1 |
| | ☆ اس کے مصنف مجتبیٰ حسین ہیں۔ | 1 |
| | ☆ یہ جملہ مصنف نے افسر بالا سے اُس وقت کہا۔ جب اُنہیں ٹوکیو میں ایک تربیتی کورس میں شرکت کے لئے بھیجا جا رہا تھا۔ | 1 |
| .27 | ''ارے بے وقوفو! میں پچھلے دروازے سے بھی تو باہر جا سکتا تھا۔'' | |
| | جواب : | |
| | ☆ یہ جملہ ''ملّا نصیر الدین کے قصّے'' سبق سے لیا گیا ہے۔ | 1 |
| | ☆ یہ جملہ ملّا نصیر الدین نے اپنے دوستوں سے اُس وقت کہا تھا۔ | 1 |
| | ☆ جب ملا نصیر الدین کے دوست اُن کی بیوی سے بحث کرتے ہوئے شور مچانے لگے۔ | 1 |
| .28 | **درجِ ذیل نثر نگاروں میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے :** | |
| | (i) ایم قادر علی خاں (ii) مجتبیٰ حسین | |
| | جواب : | |
| | **(i) ایم قادر علی خاں:** | |
| | پیدائش – 1911ء میں ہنولّی، ضلع ٹمکور۔ | |
| | اہم نکات – ☆ 1931ء میں درس و تدریس کا پیشہ اختیار کیا۔ | 1 |
| | ☆ ٹپٹور کی گورنمنٹ ہائی اسکول میں اردو اور فارسی کے مدرس کی حیثیت سے کام کیا۔ | 1 |
| | ☆ اِن کی تالیف کردہ اکثر کتابیں جن میں اِن کے مضامین شامل ہیں۔ | 1 |
| | یا | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | (ii) **مجتبیٰ حسین:** | |
| | پیدائش – 15/جولائی 1936ء چنچولی، گلبرگہ | |
| | اہم نکات – ☆ روزنامہ ''سیاست'' میں مزاحیہ کالم شیشہ وتیشہ | |
| 1 | سے ادبی زندگی کا آغاز۔ | |
| | تصانیف – ☆ تکلفِ برطرف، قطع کلام، آدمی نامہ، سو ہے وہ بھی آدمی، | |
| 1 | 'جاپان چلو، جاپان چلو' | |
| 1 | اعزازات – ☆ ''پدم شری'' اور ہاسیہ رتن سے نوازا گیا۔ | |
| | **درجِ ذیل شعراء میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے:** | .29 |
| | (i) میر تقی میرؔ (ii) سید احمد شاکرؔ | |
| | جواب : | |
| | (i) **میر تقی میرؔ:** | |
| | نام – میر تقی۔تخلص – میرؔ | |
| 1 | پیدائش – 1724ء آگرہ۔وفات 1810ء | |
| 1 | اہم نکات – ☆ سراج الدین علی خاں آرزو کی صحبت سے مستفید ہوئے۔ | |
| | ☆ میرؔ کو ''استادِ سخن'' کہا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ غزل گوئی میں میرؔ کا مرتبہ بہت بلند ہے۔ | |
| | یا | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | (ii) سید احمد شاکرؔ : | |
| | نام – سید احمد شاکرؔ | |
| | ولادت – 1927ء | |
| 1 | اہم نکات – ☆ میسور یونیورسٹی سے بی-اے آنرز اور ایم-اے کیا۔ | |
| 1 | ☆ سرکاری کالج میں اُردو، فارسی کے ریڈر مقرر ہوئے۔ | |
| 1 | ☆ آپ کا کلام ہندو پاک کے مقتدر رسائل میں شائع ہوتا ہے۔ | |
| | درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے : | |
| | سدا ہم تو کھوئے گئے سے رہے<br>کبھو آپ میں تم نے پایا ہمیں | .30 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ شعر ''میر تقی میرؔ'' کی غزل سے ماخوذ ہے۔ | |
| 1 | ☆ شاعر اپنے محبوب سے مخاطب ہو کر کہتے ہیں۔ میں تمہارے عشق میں کھویا رہتا ہوں۔ | |
| 1 | ☆ کیا آپ نے ہماری طرح میری یاد میں کھوئے ہوئے رہتے ہو۔ | |
| | موت کا ایک دن معین ہے<br>نیند کیوں رات بھر نہیں آتی | .31 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ شعر ''مرزا غالبؔ'' کی غزل سے ماخوذ ہے۔ | |
| 1 | ☆ شاعر کہتے ہیں کہ مجھے موت کے خوف سے نیند نہیں آ رہی ہے۔ مگر ہر ایک کو موت کا سامنا کرنا ہے۔ | |
| 1 | ☆ ایسا نہیں کہ کوئی موت کے ڈر سے آدمی سوتا نہ ہو۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | زمانہ کے کیا کیا ستم دیکھتے ہیں<br>ہمیں جانتے ہیں جو ہم دیکھتے ہیں | .32 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ شعر داغؔ دہلوی کی غزل سے ماخوذ ہے۔ | |
| 1 | ☆ میرے محبوب کی جدائی کا مجھے کوئی غم نہیں ہے۔ | |
| 1 | ☆ میں نے زمانے میں دنیا کے ظلم وستم دیکھے ہیں یہ علم صرف مجھے معلوم ہے۔ مطلب یہ کہ زمانے کا ستایا ہوا اِنسان ہوں۔ | |
| | درجِ ذیل انگریزی تحریر کا اردو میں ترجمہ کیجئے : | .33 |
| | Our principal is a very kind person. My school is very beautiful. I love my school. | |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ ہمارے پرنسپل ایک رحم دل انسان ہیں۔ | |
| 1 | ☆ میرا اِسکول بہت خوب صورت ہے۔ | |
| 1 | ☆ میں اپنے اسکول سے پیار کرتا ہوں۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جواب لکھئے : 4 x 4 = 16 | VI. |
| | آپ کی نصابی کتاب میں شامل 'حمد' کے ابتدائی چار اشعار اپنی یادداشت سے لکھئے۔ | 34. |
| | جواب : | |
| | حمد | |
| | مولانا الطاف حُسین حالیؔ | |
| 1 | اے ساری دنیا کے مالک     راجا اور پرجا کے مالک | |
| 1 | سب سے انوکھے سب سے نرالے     آنکھ سے اوجھل دل کے اجالے | |
| 1 | ناؤ جگت کی کھینے والے     دکھ میں سہارا دینے والے | |
| 1 | جوت ہے تیری جل اور تھل میں     باس ہے تیری پھول اور پھل میں | |
| | حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی فیاضی وسخاوت کا کوئی واقعیہ بیان کیجئے۔ | 35. |
| | یا | |
| | سلیمان خطیب صاحب کا حلیہ بیان کیجئے۔ | |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ حضرت عائشہؓ اس قدر غنی اور سخی تھیں کہ ایک مرتبہ ستر ہزار درہم اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کر دیئے۔ | |
| 1 | ☆ حضرت امیر معاویہؓ نے جب ایک لاکھ درہم حضرت عائشہؓ کی خدمت میں بھجوائے۔ | |
| 1 | ☆ شام تک اُنہوں نے یہ پوری رقم غریبوں اور محتاجوں میں تقسیم کر دی۔ | |
| 1 | ☆ اس وقت حضرت عائشہؓ روزہ سے تھیں، باوجود اس کے حضرت عائشہؓ نے اِفطار کی کچھ فکر نہ کی۔ | |
| | یا | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 1 | ☆ سلیمان خطیب ہندوستان گیر شہرت کے مالک ہیں۔ گندمی رنگ، دہرا جسم، داڑھی منڈھی ہوئی۔ | |
| 1 | ☆ مونچھ ہٹلری، ایک عرصہ تک لیڈی کٹ عینک کے شیشوں سے بڑی بڑی آنکھیں جھانکتی رہیں۔ سر کے بال تفکرات کی نظر رہے سہے بال ٹوپی کے کناروں پر جھالر کی شکل میں آویزاں رہتے۔ | |
| 1 | ☆ کبھی جناح کیپ تو کبھی آزاد کیپ، کبھی فیلٹ ہیٹ تو کبھی سفید سمود کی ٹوپی پہنتے تھے۔ | |
| 1 | ☆ شکم تیزی سے قبہ بننے کی طرف مائل۔ قد میانہ، چال مستانہ، ''وضع دلیرانہ تھا۔ اِن کا حلیہ بڑا بے ترتیب سا لگتا ہے۔ جب وہ شعر سنانے لگتے ہیں تو مجسم حسن دکھائی دیتے۔ | |
| | **درجِ ذیل تحریر کا بغور مطالعہ کیجئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :** | |
| | کسی نے ام المومنین حضرت عائشہؓ سے پوچھا کہ حضور اکرم ﷺ کے اخلاق کیسے تھے ؟ انہوں نے کہا کیا تم نے قرآان نہیں پڑھا ہے۔ جو کچھ قرآن میں ہے وہ حضور اکرم ﷺ کے اخلاق تھے۔ غرض آپ ﷺ کی ساری زندگی قرآن پاک کی عملی تفسیر تھی۔ خود قرآن پاک نے اس کی شہادت دی اور کہا، اِنَّكَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیمٍ (یعنی بیشک اے محمد ﷺ آپؐ حسن اخلاق کے بڑے رتبہ پر ہیں)۔ | 36. |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | حضور اکرم ﷺ جب گھر میں رہتے تو گھر کے کام کاج اپنے ہاتھوں سے کرتے، اپنے پھٹے کپڑے آپ ﷺ سی لیتے، اپنے پھٹے جوتے کو خود گانٹھ لیتے۔<br>مسجد نبوی کے بنانے اور خندق کو کھودنے میں سب مزدوروں کے ساتھ مل کر آپ ﷺ نے بھی کام کیا۔ آپ ﷺ ساری دنیا کے لئے رحمت بن کر آئے تھے۔ اس لئے کسی کے ساتھ بھی زیادتی اور ناانصافی کو پسند نہ فرماتے تھے۔ | |
| | **سوالات :** | |
| | (i) حضور اکرم ﷺ کے اخلاق کے بارے میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کیا فرمایا ؟ | |
| | (ii) قرآن مجید نے حضور اکرم ﷺ کے اخلاق کے بارے میں کیا شہادت دی ہے ؟ | |
| | (iii) حضور اکرم ﷺ نے مسجد نبوی بنانے اور خندق کھودنے کے دوران کیا کیا ؟ | |
| | (iv) حضور اکرم ﷺ جب گھر میں رہتے تو کیا کرتے تھے ؟ | |
| | **جواب :** | |
| 1 | (i) جو کچھ قرآن میں ہے وہ حضور اکرم ﷺ کے اخلاق تھے۔ | |
| 1 | (ii) اِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيمٍ۔ | |
| 1 | (iii) سب مزدوروں کے ساتھ مل کر آپ ﷺ نے بھی کام کیا۔ | |
| 1 | (iv) اپنے پھٹے کپڑے آپ ﷺ سی لیتے، اپنے پھٹے جوتے کو خود گانٹھ لیتے۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | درجِ ذیل کسی ایک عنوان پر 15 تا 20 جملوں پر مشتمل ایک مضمون تحریر کیجئے : | |
| | (i) ماحول کی آلودگی | .37 |
| | یا | |
| | (ii) میرا پسندیدہ لیڈر | |
| | جواب : | |
| | ماحول کی آلودگی : | |
| | مضمون نویسی – ماحول کی آلودگی۔ | |
| 1 | تمہید – کسی قول، فقرہ یا کہاوت سے آغاز۔ | |
| 1 | نفسِ مضمون – ☆ ماحول کی حفاظت کے لئے تدابیر | |
| | ☆ آلودگی کے بُرے اثرات | |
| 1 | ☆ احتیاطی تدابیر | |
| 1 | اختتام – آلودگی کی روک تھام کے لئے اپنے خیالات کا اظہار | |
| | یا | |
| | میرا پسندیدہ لیڈر : | |
| | مضمون نویسی – ''میرا پسندیدہ لیڈر'' | |
| 1 | تمہید – کسی قول، فقرہ یا ضرب المثل سے مضمون کا آغاز۔ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | نفسِ مضمون – ☆ پسندیدہ لیڈر کا نام اور تعارف | 1 |
| | ☆ پسند کرنے کے اسباب | |
| | ☆ خدمات پر اظہارِ خیالات | 1 |
| | اختتام – مضمون سے متعلق اپنے تاثرات | 1 |
| **VII.** | **خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے :** **1 x 5 = 5** | |
| 38. | اپنے میر معلم کے نام ایک خط لکھئے جس میں سند تبادلہ (T. C.) حاصل کرنے کا ذکر ہو۔ | |
| | جواب : | |
| | **مکتوب نگاری :** | |
| | میر معلم کے نام خط | |
| | i) ازمقام : <br> ii) مورخہ : | 1 |
| | iii) آداب والقاب : محترم میر معلم۔آداب | 1 |
| | iv) مضمونِ خط : T.C. حاصل کرنے کے متعلق میر معلم سے درخوات | 1 |
| | v) اختتام : فقط آپ کی/آپ کا/ شاگرد/ شاگردہ | 1 |
| | vi) مکتوب الیہ کا نام اور پتہ : | 1 |
| | **یا** | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | اپنے والدمحترم کے نام ایک خط لکھئے جس میں اپنے مدرسہ کے سالانہ جلسہ میں شرکت کرنے کا ذکر ہو۔ | |
| | والد کے نام خط | |
| | i) ازمقام : | |
| 1 | ii) مورخہ : | |
| 1 | iii) آداب والقاب : والدصاحب قبلہ آداب | |
| 1 | iv) مضمونِ خط : مدرسہ کے سالانہ جلسۂ میں شرکت کرنے کا ذکر | |
| 1 | v) اختتام : فقط آپ کا/آپ کی/ چہیتا/چہیتی/ بیٹا/ بیٹی | |
| 1 | vi) مکتوب الیہ کا نام اور پتہ : | |